ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(205)

مورخہ05/04/2023

**بہاولپور (        ) آئی جی پنجاب کے پولیس فورس کے ویلفیئر کے حوالے سے اقدامات، ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے بہاولپور پولیس کے افسران کے اسپیشل اور معذور بچوں کو ڈیجیٹل آلہ سماعت لگوائے اور وہیل چیئر تقسیم کیں۔ یہ ہمارے اپنے بچے ہیں ہر ممکن طور پر خیال رکھا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس فورس کی ویلفیئر کے لئے بہترین اقدامات اٹھائے ہیں۔جس کے تحت ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی سربراہی میں سپیشل اور معذور بچوں کے سکریننگ ٹیسٹ کروائے گئے۔ پولیس افسران کے ایسے بچے جو کہ پیدائشی طور پر سماعت سے محروم ہیں ان بچوں کو ڈیجیٹل آلہ سماعت لگوائے گئے جبکہ چلنے سے قاصر اور معذور بچوں میں وہیل چیئر تقسیم کی گئیں۔اس موقع پر بچوں کی خوشی دیدنی تھی۔ والدین اور بچوں نے آئی جی پنجاب اور ڈی پی او بہاولپور کیلئے ڈھیروں دعائیں دیں۔ڈی پی او سید محمد عباس نے کہا کہ بہاول پور پولیس کا ہر جوان ہماری فیملی کی طرح ہے اور ہم ان کے دکھ سکھ میں ہمیشہ ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔اس موقع پر ڈی پی او نے مزید کہا کہ پولیس فورس کی ویلفیئر کیلئے جناب آئی جی صاحب پنجاب نے بہترین اقدامات اٹھائے ہیں جس سے فورس کا مورال بلند ہوا ہے۔ یہ ہمارے اپنے بچے ہیں انہیں تنہا نہیں چھوڑ سکتے ان کا علاج معالجہ کرانا محکمہ پولیس کی ذمہ داری ہے جس کو ہر طور پر نبھایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ میں اس موقع پر دلی خوشی اور سکون محسوس کر رہا ہوں کہ محکمہ پولیس ان کی زندگی میں ایک مثبت تبدیلی لا رہا ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کی جانب سے پولیس افسران کے معزور بچوں کے لیے خاص اقدامات**

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (206)

مورخہ 04/04/2023

**بہاولپور ( ) پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون۔مختلف مقدمات میں 10 ملزمان گرفتار۔سی آئی اے پولیس کی مشترکہ کارروائی میں 1100 گرام آئس کے علاوہ 01 کلوگرام سے زائد چرس اور شراب و ناجائز اسلحہ بھی برآمد ۔معاشرتی جرائم کا خاتمہ ہی پرامن معاشرے کی بقا کی ضمانت ہے۔ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔سی آئی اے پولیس اور تھانہ کوتوالی پولیس مشترکہ کارروائی کی جس میں منشیات سمگلر عرفان اللہ قوم پٹھان کو 1100 گرام آئس نشہ سمیت حراست میں لے لیا۔ملزم آئس نشہ بہاولپور کے مختلف علاقوں میں سپلائی کرتا تھا۔اسی طرح تھانہ سٹی حاصلپور پولیس نے 01 ملزم محمد فیاض کو گرفتار کر کے قبضہ 1100 گرام چرس برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ اور صدر حاصلپور پولیس نے 04 ملزمان محمد اعجاز، خالد محمود، محمد اسلم اور محمد عرفان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 275 لیٹر دیسی شراب و لہن 10 لیٹر اور چالو بھٹی برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ اور تھانہ قائمپور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 03 ملزمان نور محمد، شیر علی اور نور محمد سجاول کو 02 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور سمیت گرفتار کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ اس بابرکت مہینے میں ایسے گھناونے کام کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈان کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جاسکے۔عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بہاولپور پولیس شب و روز مصروف عمل ہے۔معاشرتی جرائم کا خاتمہ ہی پرامن معاشرے کی ضمانت ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن۔مختلف مقدمات میں 10 ملزمان گرفتار**